سوال

(33) بوقت ذکر ولادت قیام وہاتھ باندھنا کیسا ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

بوقت ذکر ولادت قیام وہاتھ باندھنا کیسا ہے، وہمچناں مولود وغزلیات کا کیا حکم ہے، بینوا توجروا

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

قیام وہاتھ باندھنا بوقت ذکر ولادت بدعت وناجائز ہے، کسی دلیل شرعی سے اس کا ثبوت نہیں ہے۔ اگر یہ قیام وہاتھ باندھنا اس عقیدہ و نیت سے ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بوقت ذکر ولادت تشریف لاتے ہیں اور حاضر مجلس میلاد ہوتے ہیں، تو یہ شرک ہے، اور مولود وغزلیات جو آج کل چھپ کر شائع ہیں، وہ ناجائز مضامین اور روایات موضوعات و مفتریات سے مملو ہیں، ان کا پڑھنا اور سننا بلاشبہ ممنوع وناجائز ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔

حررہ محمد عبدالحق ملتان عفی عنہ (سید محمد نذیر حسین)

فتاویٰ نذیریہ

جلد01